


# عقیدۂ ختمِ نبوت کے موضوع پر چالیس آیات مبارکہ

ترتیب:

راشد الطاف

معاون:

قاری محمد ریاض احمد فاروقی

برائے ایصال ثواب:

والدین راشد الطاف و مرحومین امت مسلمہ

دفاع ختمِ نبوّت کونسل پاکستان

1

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

یہ وہ عظیم الشان کتاب (قرآن) جس کے کلام اللہ ہونے میں کسی لحاظ سے بھی شک کی گنجائش نہیں اللہ سے ڈرنے والوں کی راہنمائی کرتی ہے۔

سورۃ البقرہ، آیت نمبر 2

2

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اے صاحب ختم نبوت رسول مکرم ہم نے آپ کو دنیا کے۔ تمام لوگوں کے لئے جنت کی بشارت دینے والا اور دوزخ سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

سورۃ سبا، آیت نمبر 28

3

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰي ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا

مَعَكُمۡ مِّنَ الشّٰهِدِيۡنَ ۞

اور اے صاحب ختم نبوت بیان کیجئے جب اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہ السلام سے حلفیہ وعدہ لیا جب میں تمہیں کتاب وحکمت عطاء کروں پھر تمہارے پاس عظیم رسول تمہاری کتابوں کی تصدیق کرتے ہوئے تشریف لائیں تو ضرور ضروران پر ایمان لانا اور لازماً ان کی امداد کرنا فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری عہد قبول کر لیا سب نے عرض کیا ہم قبول کرتے ہیں فرمایا تم ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

سورۃ آل عمران، آیت نمبر 81

4

كَمَآ اَرۡسَلۡنَا فِيۡكُمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡكُمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيۡكُمۡ وَيُعَلِّمُكُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَيُعَلِّمُكُمۡ مَّا لَمۡ تَكُوۡنُوۡا تَعۡلَمُوۡنَ ۞

جیسے ہم نے تم میں ایک عظیم رسول تم میں سے بھیجا جو تمہیں ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں شرک سے پاک کرتے ہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں اور تمہیں وہ کچھ سکھاتے ہیں جو تم نہیں جانتے تھے۔

سورۃ بقرہ، آیت نمبر 151

5

قُلۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوۡنِىۡ يُحۡبِبۡكُمُ اللّٰهُ وَيَغۡفِرۡ لَـكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ‌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۞

اے صاحب ختم نبوت فرما دیجئے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری فرمانبرداری کرو اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

سورۃ آل عمران، آیت نمبر 31

6

لَقَدۡ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذۡ بَعَثَ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ يَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيۡهِمۡ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ ۚ وَاِنۡ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ۞

یقیناً اللہ نے مومنوں پر احسان فرمایا جب اس نے ان مومنوں میں ان میں سے ہی ایک عظیم رسول بھیجا جو انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کی زندگی کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اور دانائی کی تعلیم دیتا ہے اور بلاشبہ اس رسول کی تشریف آوری سے قبل یہ لوگ کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔

سورہ آل عمران، آیت نمبر 164

7

فَكَيۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيۡدٍ وَّجِئۡنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَاۤءِ شَهِيۡدًا ۞

ان کافروں کا کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ان کے نبی کو گواہ بنا کر لائیں گے اور اے صاحب ختم نبوت آپ کو ان سب پر گواہ بنا کر لائیں گے

سورۃ النساء، آیت نمبر 41

8

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِى الۡاَمۡرِ مِنۡكُمۡ‌ ۚ فَاِنۡ تَنَازَعۡتُمۡ فِىۡ شَىۡءٍ فَرُدُّوۡهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوۡلِ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ‌ ؕ ذٰ لِكَ خَيۡرٌ وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِيۡلًا ۞

اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور محمد رسول اللہ کی اطاعت کرو اور ان کی بھی جو تم میں سے صاحب حکم ہوں۔ پھر اگر تمہارا کسی بات پر جھگڑا ہو جائے اگر واقعی ہی تم اللہ سبحان وتعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اسے اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عدالت میں پیش کر دو، یہ ہی طریقہ

بہترین ہے اور اسکا انجام بھی سب سے بہتر ہے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 59

9

اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ يَزۡعُمُوۡنَ اَنَّهُمۡ اٰمَنُوۡا بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يَّتَحَاكَمُوۡۤا اِلَى الطَّاغُوۡتِ وَقَدۡ اُمِرُوۡۤا اَنۡ يَّكۡفُرُوۡا بِهٖ ؕ وَيُرِيۡدُ الشَّيۡطٰنُ اَنۡ يُّضِلَّهُمۡ ضَلٰلًاۢ بَعِيۡدًا ۞

کیا آپ نے ان منافقوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف اتارے ہوئے قرآن پر اور آپ سے پہلے اتاری ہوئی کتابوں پر ایمان لائے (لیکن ان کی حالت یہ ہے کہ وہ اپنا مقدمہ فیصلے کیلئے طاغوت کے پاس لے جانا چاہتے ہیں حالانکہ ان کو حکم یہ دیا گیا تھا کہ وہ اسکا کھل کر انکار کریں اور شیطان چاہتا ہے کہ انہیں بھٹکا کر پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا کردے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 60

10

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوۡ اَنَّهُمۡ اِذۡ ظَّلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ جَآءُوۡكَ فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰهَ

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے اور اے صاحب ختم نبوۃ جب انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا اگر اسی وقت آپکی بارگاہ میں حاضر ہو جاتے پھر پورے خلوص کے ساتھ اللہ تعالی سے معافی مانگتے اور رسول اللہ بھی انکی شفاعت کرتے تو وہ ضرور اللہ تعالی کو پاتے توبہ کو قبول کرنے والا اور بے حد مہربان۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 64

11

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

سو قسم ہے اے صاحب ختم نبوت آپ کے رب کی وہ اس وقت تک مومن نہیں ہوں گے جب تک آپکو اپنے درمیان پیدا ہونے والے ہر جھگڑے میں منصف نا مان لیں پھر آپ کے کسی فیصلے کے سبب اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہ کریں اور اسے دل و جان سے تسلیم کر لیں۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 65

12

وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓـئِكَ مَعَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيۡقِيۡنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيۡنَ‌ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓـئِكَ رَفِيۡقًا ۞

اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں تو ان کو ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے انعام کیا نبیوں میں سے اور صدیقوں میں سے اور شہداء میں سے اور نیک لوگوں میں سے اور یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 69

13

مَاۤ اَصَابَكَ مِنۡ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ‌ وَمَاۤ اَصَابَكَ مِنۡ سَيِّئَةٍ فَمِنۡ نَّـفۡسِكَ‌ ؕ وَاَرۡسَلۡنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوۡلًا‌ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًا ۞

اے انسان تجھے جو نعمت ملے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور تجھے جو مصیبت پہنچے وہ خود تیری طرف سے ہے اور اے صاحب ختم نبوت ہم نے آپ کو پوری انسانیت کیلئے رسول بنا کر بھیجا ہے اور اس کیلئے اللہ کی شہادت کافی ہے۔(اللہ کی گواہی کافی ہے)۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 79

14

مَنۡ يُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰهَ‌ ۚ وَمَنۡ تَوَلّٰى فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا ۞

جس نے رسول اللہ کی اطاعت کی بشک اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے منہ پھیرا تو ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ان کا نگہبان نہیں بنایا ہے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 80

15

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ لِتَحۡكُمَ بَيۡنَ النَّاسِ بِمَاۤ اَرٰٮكَ اللّٰهُ‌ ؕ وَلَا تَكُنۡ لِّـلۡخَآئِنِيۡنَ خَصِيۡمًا ۞

اے صاحب ختم نبوت ہم نے آپ پر حق کے ساتھ قرآن اتارا تا کہ آپ لوگوں کے درمیان اس طریقے سے فیصلہ کریں جس کا اللہ نے آپکو علم دیا ہے اور آپ بد دیانت لوگوں کے سبب جھگڑا کرنے والے نہ بنے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 105

16

وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكَ وَرَحۡمَتُهٗ لَهَمَّتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ اَنۡ يُّضِلُّوۡكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡفُسَهُمۡ وَمَا يَضُرُّوۡنَكَ

مِنۡ شَىۡءٍ ؕ وَاَنۡزَلَ اللّٰهُ عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمۡ تَكُنۡ تَعۡلَمُ ؕ وَكَانَ فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكَ عَظِيۡمًا ۞

اے صاحب ختم نبوت محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی تو منافقین کے ایک گروہ کا ارادہ آپ کو صحیح فیصلے سے روکنے میں کامیاب ہو جاتا حالانکہ وہ تو اپنے آپ ہی کو بہکا رہے ہیں اور آپ کو کچھ نقصان نہیں دے سکتے اور اللہ نے آپ پر کتاب اور حکمت اتاری اور آپ کو وہ کچھ سکھایا جو آپ نہ جانتے تھے اور اللہ کا آپ پر بہت بڑا فضل ہے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 113

17

وَمَنۡ يُّشَاقِقِ الرَّسُوۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَـهُ الۡهُدٰى وَ يَـتَّبِعۡ غَيۡرَ سَبِيۡلِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصۡلِهٖ جَهَـنَّمَ ؕ وَسَآءَتۡ مَصِيۡرًا ۞

اور جو شخص اس بات کے باوجود رسول اللہ کے شرعی احکام کی مخالفت کرے کہ اس پر حق واضح ہو چکا اور وہ مسلمانوں کے راستے سے الگ راستے پر

چلے تو ہم اسے (دنیا میں) اس کے حال پر چھوڑ دینگے اور (قیامت کے دن) جہنم میں داخل کریں گے اور پلٹنے کی بہت بری جگہ ھے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر115

18

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۞

اے ایمان والو ہمیشہ ایمان رکھواللہ پر اور اسکے رسول پر اور اس قرآن پر جو اس نے اپنے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا اور ان کتابوں پر جو اس سے پہلے نازل کیں اور جو اللہ اس کے فرشتوں اور اسکی کتابوں اور اس کے رسولوں اور قیامت کے دن کا انکار کرے تو وہ ضرور بھٹک کر حق سے بہت دور چلا گیا۔

سورۃ النساء، آیت نمبر136

19

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى

يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۖ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِينَ وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ۞

اور بیشک اللہ قرآن میں تم پر یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جا رہا ہے اور انکا مذاق اڑایا جا رہا ہے تو ان گستاخوں کے ساتھ نا بیٹھو یہاں تک کہ وہ کسی دوسری بات میں مشغول ہو جائیں ورنہ تم بھی ان جیسے ہی ہو جاؤ گے بیشک اللہ تمام منافقوں اور کافروں کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 140

20

لَٰكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۗ أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ۞

لیکن اے صاحب ختم نبوۃ رسول مکرم ان میں سے پختہ علم والے اور ایمان والے اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا اور جو کچھ آپ

سے پہلے نازل کیا گیا۔ اور لائق تعریف ہیں نماز قائم کرنے زکوۃ دینے اور
اللہ اور قیامت پر ایمان لانے پر ہم انہیں عنقریب بڑا ثواب دیں گے۔
سورۃ النساء، آیت نمبر 162

## 21

إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰ نُوحٍ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ مِنۢ بَعْدِهِۦ ۚ وَأَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ وَٱلْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَٰرُونَ وَسُلَيْمَٰنَ ۚ وَءَاتَيْنَا دَاوُۥدَ زَبُورًا ۞

اے محبوب صاحب ختم نبوت بیشک ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی جیسے نوح اور ان کے بعد نبیوں کی طرف بھیجی اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحق اور یعقوب اور ان کے بیٹوں کی طرف اور عیسٰی اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف اور ہم نے داؤد کو زبور عطا فرمائی۔
سورۃ النساء، آیت نمبر 163

## 22

وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَٰهُمْ عَلَيْكَ مِن قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ ٱللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا ۞

اور ہم نے ایسے رسول بھیجے جن کا تذکرہ اس پہلے ہم آپ پر بیان کر چکے اور

اپنے رسول بھیجے جن تذکرہ ہم نے آج تک آپ کے سامنے نہیں کیا اور اللہ نے موسیٰ سے حقیقتاً کلام کیا۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 164

23

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۞

ہم نے خوشخبری دینے اور ڈر سنانے والے رسول بھیجے تا کہ لوگو کیلئے اللہ کی بارگاہ میں کوئی عذر باقی نہ رہے اور اللہ بڑا غالب اور عظیم حکمت والا ہے۔

سورۃ النساء، آیت نمبر 165

24

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۞

لیکن اللہ اس قرآن پر گواہی دیتا ہے جو اس نے آپ کی طرف نازل کیا وہ اس نے اپنے علم سے اتارا ہے اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور گواہ تو اللہ ہی کافی ہے۔

سورہ النساء، آیت نمبر 166

25

يَاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

اے لوگو تمہارے پاس یہ رسول مکرم تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر تشریف لائے تو اپنے فائدے کے لیے ایمان لاؤ۔

النساء آیت نمبر 170

26

وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰۗىِٕرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭمَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝

اور نہیں کوئی زمین میں چلنے والا اور نہ کوئی پرند کہ اپنے پروں پر اڑتا ہے مگر تم جیسی اُمتیں ہم نے اس کتاب میں کچھ اٹھا نہ رکھا پھر اپنے رب کی طرف اٹھائے جائیں گے۔

سورۃ الانعام، آیت نمبر 38

27

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَاۨ الَّذِىْ

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۖ
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۞

اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں اس ذات کے سوا کوئی سچا معبود نہیں جس کیلئے آسمانوں اور زمینوں کی بادشاہی ہے وہی زندگی، موت دیتا ہے پس اللہ پر اور اسکے امی لقب رسول اور نبی پر ایمان لاؤ جو اللہ اور اس کے ارشادات پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان کے نقش قدم پر چلو تا کہ تم ھدایت پاو۔

سورۃ الاعراف، آیت نمبر 158

28

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ
لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۞

وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے، پڑے برا مانیں مشرک۔

سورۃ التوبۃ، آیت نمبر 33

29

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا

عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

بیشک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان۔

سورۃ التوبہ، آیت نمبر 128

## 30

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے جنہیں ہم وحی کرتے اور سب شہر کے ساکن تھے تو یہ لوگ زمین پر چلے نہیں تو دیکھتے ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا اور بیشک آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لیے بہتر تو کیا تمہیں عقل نہیں۔

سورۃ یوسف، آیت نمبر 109

## 31

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۞

اور جس دن ہم ہر گروہ میں ایک گواہ انہیں میں سے اٹھائیں گے کہ ان پر گواہی دے اور اے محبوب! تمہیں ان سب پر شاہد بنا کر لائیں گے، اور ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور بشارت مسلمانوں کو۔

سورۃ النحل، آیت نمبر 89

32

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ۞

محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی ایک مرد کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور آخری نبی ہیں اور اللہ ہر شے کو خوب جانتا ہے۔

سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 40

33

هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۞

وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی ہے گواہ۔

سورۃ الفتح، آیت نمبر 28

34

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞

جب حضرت عیسیٰ کہہ رہے تھے اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول بن کے آیا ہوں اور میں اُس کی تصدیق کر رہا ہوں جو مجھ سے پہلے تورات کی شکل میں آ چکی ہے اور میں اس رسول کی بشارت دے رہا ہوں جو میرے بعد آئیں گے اُن کا نام احمد ہو گا۔

سورۃ الصّف، آیت نمبر 6

35

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۞

ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک نہ کیا اور اپنی جان اور مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہی سچے ہیں

الحجرات آیت نمبر 15

36

اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاِذَا كَانُوۡا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمۡرٍ جَامِعٍ لَّمۡ يَذۡهَبُوۡا حَتّٰى يَسۡتَاۡذِنُوۡهُ ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ۚ فَاِذَا اسۡتَاۡذَنُوۡكَ لِبَعۡضِ شَاۡنِهِمۡ فَاۡذَنۡ لِّمَنۡ شِئۡتَ مِنۡهُمۡ وَاسۡتَغۡفِرۡ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝

ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر یقین لائے اور جب رسول کے پاس کسی ایسے کام میں حاضر ہوئے ہوں جس کے لیے جمع کیے گئے ہوں تو نہ جائیں جب تک ان سے اجازت نہ لے لیں وہ جو تم سے اجازت مانگتے ہیں وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں پھر جب وہ تم سے اجازت مانگیں اپنے کسی کام کے لیے تو ان میں جسے تم چاہو اجازت دے دو اور ان کے لیے اللہ سے معافی مانگو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

النور آیت نمبر 62

37

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

اے ایمان والو! میں بتاؤں تم کو ایک سوداگری کہ بچاوے تم کو دکھ کی مار سے، ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے، یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔

الصّف آیت نمبر 11

38

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور اس نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل کیا، اور اللہ تعالی تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

التغابن آیت نمبر 8

39

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا

عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ
عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جنتوں میں داخل فرمائیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور جو شخص اعراض کرے گا اس کو سخت دردناک عذاب دیں گے۔

الفتح آیت نمبر 17

40

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ
كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ وہ اپنی رحمت کے دو حصے تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہارے لیے نور کر دے گا جس میں چلو اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

الحدید آیت نمبر 28

# اہم علمی کارنامہ

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ قادیانیت کی ارتدادی سرگرمیوں کے تدارک کے لیے دنیا بھر میں بے شمار افراد اور ادارے اپنی اپنی استعداد کے مطابق نہایت تندہی سے عمل پیرا ہیں۔ لیکن دفاع ختم نبوت کونسل پاکستان کا یہ کارنمایاں سب سے منفرد اور یگانہ ہے کہ انہوں نے اہل اسلام کی آگہی اور بیداری شعور کے لیے 'دفاعِ ختمِ نبوّت خط و کتابت کورس' کا اہتمام کیا۔ یہ کورس نہایت دقت نظر، غور و فکر اور تحقیق و جستجو کے بعد مرتب کیا گیا ہے۔ یہ کورس اپنی معنویت، جامعیت اور افادیت کے اعتبار سے نا صرف جدید دینی و عصری تقاضوں کے عین مطابق بلکہ اسے کسی بھی (مدرسہ، سکول یا کالج کے) نصابی سلیبس میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ یہ کورس تعلیمی، تربیتی اور اصلاحی معلومات کے لحاظ سے انتہائی تحقیقی، علمی، جامع اور موثر ہے کہ اسے مکمل کرنے کے بعد شاید آپ کو اس موضوع پر مزید کسی کتاب کی ضرورت نہ پڑے۔ تحفظ ختم نبوت کا کام کرنے والوں کے لیے یہ کورس ایک نعمت غیر مترقبہ کا درجہ رکھتا ہے۔ دور رس نتائج اور ثمرات کے حامل اس کورس کے مضامین کی ترتیب و میعار نہایت اعلیٰ ہے۔ ہر مضمون اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک مستند کتاب کا درجہ رکھتا ہے۔ گویا پورا کورس علمی و دینی معلومات کا خزینہ ہے۔ ان مضامین میں عقیدہ کی درستگی، ایمان کی پختگی، ایقان کی حرارت، جذبے کا خلوص اور اس محاذ پر کام کرنے کا پختہ عزم پیدا ہوتا ہے۔ کورس کی طرز تحریر اتنی دلکش اور اثر انگیز ہے کہ 'از دل خیز و بر دل ریزد' کے مصداق اس پر سرسری نظر ڈالنے والا اسے مکمل ختم کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ بعض مقامات پر دوران مطالعہ قوت ایمانی میں حلاوت، جوش اسلامی میں حرارت اور فکر و نظر میں بصیرت کے بے شمار چراغ جل اُٹھتے ہیں۔ ناقابل تردید دلائل و براہین کے لحاظ سے یہ کورس محمود غزنوی کا وہ گرز معلوم ہوتا ہے جو فتنہ قادیانیت کے لات و منات کو پاش پاش کر کے ختم نبوت کی سچائی کا بول بالا کرتا ہے۔ میری نظر میں یہ ایسا کورس ہے جس میں منکرین ختم نبوت کے پھیلائے ہوئے شکوک و شبہات کے کما حقہ مدلل، تاریخی، عقلی، علمی اور تحقیقی جوابات بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ بایں ہمہ کورس کی کامیاب تکمیل پر آپ بہترین ادیب اور خطیب بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ ایسا اہم علمی کارنامہ انجام دینے پر دفاع ختم نبوت کے تمام ذمہ داران بالخصوص کورس کے مہتمم جناب گوہر الطاف ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں۔

محمد متین خالد
لاہور


## دفاع ختم نبوّت کونسل پاکستان

پی۔ او۔ باکس نمبر 81۔ جی پی او۔ دی مال۔ لاہور پاکستان

0331-4421965, 0322-4356986, 0321-3178878 0333-4432090

www.difaekhatmenabowat.com